## پشاور میں بم دھماکوں اور خودکش حملوں کے واقعات کے بعد لڑکیوں کے اسکول کو بم سے اڑانے کا واقعہ
## حکومت اور سیکورٹی فورسز کیلئے کھلا چیلنج ہے۔ الطاف حسین
## لڑکیوں کے اسکولوں کو بموں سے اڑانا اور لڑکیوں پر تعلیم کے دروازے بند کرنا کونسا اسلام ہے؟
## پشاور میں طالبان کا نیٹ ورک نہ صرف موجود ہے بلکہ طالبان پشاور کو بھی سوات بنانے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں
## پشاور اور دیگر شہروں میں دہشت گردی کو روکنے کیلئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے

لندن۔۔۔4 جون,2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں طالبان کی جانب سے لڑکیوں کے اسکول کو بم سے اڑانے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان نے اس سے قبل سوات، دیر، بونیر، شانگلہ، مینگورہ اور وزیرستان سمیت صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں میں لڑکیوں کے سینکڑوں اسکولوں کو بموں سے اڑادیا، بہت سے اسکولوں کو آگ لگادی اور ہزاروں لڑکیوں کو تعلیم سے محروم کردیا اور آج ان درندہ صفت طالبان نے پشاور جیسے شہر میں لڑکیوں کے ایک اور اسکول کو بم سے اڑادیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ لڑکیوں کے اسکولوں کو بموں سے اڑانا اور لڑکیوں پر تعلیم کے دروازے بند کرنا کونسا اسلام ہے؟ انہوں نے کہا کہ پشاور میں بم دھماکوں اور خودکش حملوں کے واقعات کے بعد اب لڑکیوں کے اسکول کو بم سے اڑانے کا واقعہ وفاقی حکومت، صوبہ سرحد کی حکومت اور سیکورٹی فورسز کیلئے ایک لمحہ فکریہ اور کھلا چیلنج ہے اور یہ واقعہ اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ پشاور میں طالبان کا نیٹ ورک نہ صرف موجود ہے بلکہ طالبان پشاور کو بھی سوات بنانے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پشاور میں لڑکیوں کے اسکول کو بم سے اڑانے کے سنگین واقعہ کے پیش نظر پشاور اور دیگر شہروں میں دہشت گردی کو روکنے کیلئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

## کراچی میں دو مختلف واقعات میں ایم کیو ایم کے دو کارکنوں خالد انصاری اور محمد ارشد کو شہید کردیا گیا
## مسلح دہشت گردوں نے خالد انصاری کو ملیر اور محمد ارشد کو اسکیم 33 میں فائرنگ کرکے شہید کیا
## کراچی کو ایک بار پھر آگ اور خون میں نہلانے کی گھناؤنی سازش کی جارہی ہے، ایم کیو ایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات اسی سازش کا حصہ ہیں۔ رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔4 جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں دو مختلف واقعات میں ایم کیو ایم کے دو کارکنوں خالد انصاری اور محمد ارشد کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن خالد انصاری ملیر میں UC-5 کے آفس کے سامنے بیکری پر کھڑے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی۔ خالد انصاری کے سر میں گولی لگی انہیں جناح اسپتال لے جایا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکے اور شہید ہوگئے۔ ایک اور واقعہ میں اسکیم 33 کے علاقے میں ایم کیو ایم معمار سیکٹر ایوب گوٹھ کے کارکن محمد ارشد ولد محمد اشفاق کو مسلح دہشت گردوں نے گولیاں مار کر شہید کردیا۔ حملہ آور دہشت گرد موٹر سائیکل پر سوار تھے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایک بار پھر کراچی کو آگ اور خون میں نہلانے کی گھناؤنی سازش کی جارہی ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات اسی گہری سازش کا حصہ ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ایم کیو ایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا فوری نوٹس لیا جائے، ایم کیو ایم کے کارکنوں خالد انصاری شہید اور محمد ارشد شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے خالد انصاری شہید اور محمد ارشد شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن خالد انصاری اوراسکیم 33 سیکٹر کے کارکن محمد ارشد کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن خالد انصاری اوراسکیم 33 معمار سیکٹر کے کارکن محمد ارشد کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے خالد انصاری شہید اور محمد ارشد شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحہ پر میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں اوردعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ خالد انصاری شہیداورمحمد ارشد شہید کوشہادت کا درجہ عطا کرے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے ساتھیوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات پر پرامن رہیں اوراپنے جذبات قابو میں رکھیں

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اورایم کیوایم کی امدادی کمیٹی کے انچارج ابوبکر صدیقی کے جواں سال بیٹے اطہر صدیقی کی ناگہانی وفات پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اورایم کیوایم کی امدادی کمیٹی کے انچارج ابوبکر صدیقی کے جواں سال بیٹے اطہر صدیقی کی ناگہانی وفات پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ابوبکر صدیقی اوران کے تمام اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اطہر صدیقی کی ناگہانی وفات پر میں اورایم کیوایم کے کارکنان کو دلی صدمہ پہنچا ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اطہر صدیقی مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورامدادی کمیٹی کے ارکان نے بھی ابوبکر صدیقی سے ان کے صاحبزادے کی ناگہانی وفات پر دلی تعزیت اظہار کیا ہے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار/ پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر، وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کی شہادت پر سخت تشویش اورغم وغصہ کا اظہار کیا ہے تاہم انہوں نے توقع ظاہر کی ہے کہ حکومت ان شہادتوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرا کے ملزمان کو جلد کیفر دار تک پہنچائے گی۔انہوں نے کہا کہ وقت ہم سے اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ برداشت، تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کیا جائے اور جو مسائل ہیں ان کا سیاسی حل تلاش کیا جائے یہ بات انہوں نے جمعرات کی شب کراچی پریس کلب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد اور سیف یار خان کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر ایک سازش کے تحت کراچی کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔گذشتہ دو روز میں مختلف سیاسی کارکنوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانا اس کا حصہ ہے شہر میں ایم کیوایم سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے کارکنوں کو شہید کیا گیا ہے۔اس دوران جمعرات کو چند گھنٹوں کے دوران ایم کیوایم کے دو کارکنوں محمد ارشد اور خالد انصاری کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا۔محمد ارشد کو آج دوپہر ایوب گوٹھ میں شہید کیا گیا، دہشتگرد موٹر سائیکل پر سوار تھے، انہیں فائرنگ کر کے شہید کیا گیا۔اسی طرح خالد انصاری جو ایم کیوایم یونٹ 97، ملیر سیکٹر کے سینئر کارکن ہونے کے علاوہ لیبر ڈویژن کے کارکن بھی تھے انہیں بھی نامعلوم موٹر سائیکل سوار دہشتگردوں نے سر میں گولی مار کر شہید کیا۔فاروق ستار نے کہا کہ اگر ملکی موجودہ صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے ہمارے لئے بھی بڑا آسان ہے کہ ہم اپنے شہیدوں کا قتل کسی بھی سیاسی جماعت کے سر ڈال کر بھرپور احتجاج کریں۔آج ایک مذہبی سیاسی جماعت نے تشدد کا جو راستہ اختیار کیا اور لاشوں کی سیاست کی وہ ایم کیوایم بھی کرسکتی تھی لیکن ایم کیوایم ایک ذمہ دار سیاسی جماعت ہے ہمیں انتہائی ذمہ داری سے کام لینے اور سیاسی پختگی کے اظہار کی ضرورت ہے۔پیپلز پارٹی کے کارکن امتیاز کو بھی شہید کیا گیا، ہمیں یقین ہے کہ حکومت قاتلوں کو گرفتار کر کے انہیں قرار واقعی سزا دے گی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ سندھ اور سینئر صوبائی وزیر پیر مظہر الحق نے موجودہ صورتحال پر رابطہ

کر کے ہمارے کارکنوں کی شہادت پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں اس سے قبل بھی فسادات کرانے کی کوشش کی جارہی ہے جس کا مقصد حکومت کی رٹ کو چیلنج کرنا اور ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنا ہے۔ہم اس سازش کو ناکام بنائیں گے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے دیگر سیاسی جماعتوں سے بھی اپیل کی کہ وہ سوچ بوجھ کا مظاہرہ کریں کراچی اگر محض الزامات لگانے کا سلسلہ سب نے اختیار کیا تو پھر دیگر بھی ایسا ہی کریں گے۔اگر کارکنان کی میت وزیراعلیٰ ہاؤس لے جا کر مظاہرہ کیا جائے تو یہ جلتی پر تیل چھڑکنے اور آگ لگانے کے مترادف ہوگا اور اس کا فائدہ ان سازشی عناصر کو ہوجائے گا، جبکہ ہر باشعور شہری اس عمل کو مسترد کردے گا۔ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ حکومت کراچی میں قیام امن کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے، حکومتی رٹ چیلنج کرنے والے اپنی سی کوشش کرتے رہینگے، سازش کے کئی پہلو ہوسکتے ہیں اگر میں نے فوری طور پر کسی پر الزام لگایا تو دوسرے اور مجھ میں کوئی فرق نہیں رہے گا۔ایک اور سوال ے جواب میں انہوں نے کہا کہ مالاکنڈ آپریشن آخری مراحل میں جیسے جیسے جارہی ہے انتہاء پسند قوتیں پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان اور لاہور کے بعد اب کراچی کو نشانہ بنارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا مالاکنڈ آپریشن کے حوالے سے قائدانہ کردار تھا اور ہم نے 13 اپریل کو قومی اسمبلی میں جن خدشات کا اظہار کیا تھا وہ درست ثابت ہوئے لہٰذا کراچی کے واقعات کی بھی غیر جانبدارانہ اور آزادانہ تحقیقات کی جائے تو سازشی عناصر بے نقاب ہوسکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

## حق پرست عوام فیروزہ سلطانہ اور محمد عظیم کی جلد و مکمل صحتیابی کے لئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن 04 جون 2009ء۔۔۔

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے سابق رکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی اہلیہ محترمہ فیروزہ سلطانہ اور ایم کیوایم برطانیہ یونٹ شیفیلڈ کے بزرگ کارکن اور شیفیلڈ سٹی کے سابق کونسلر محمد عظیم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لئے دعا کی۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ فیروزہ سلطانہ اور محمد عظیم کی جلد و مکمل صحتیابی کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے بابا فرید شکر گنج کے مزار پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی

کراچی۔۔۔4/جون 2009ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے پاک پتن شریف میں حضرت بابا فرید شکر گنجؒ کے مزار پر حاضری دی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی۔وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے مزار پر فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت و تندرستی، شہداء کے بلند درجات، اسیروں کی رہائی، تحریک کی کامیابی اور ملک کی سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔اس موقع پر ان کے ہمراہ پاک پتن یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان بھی تھے۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عبدالرئیس کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4/جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عبدالرئیس کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالرئیس مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔4/جون 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 80 کے کارکن عبدالرئیس، ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یوسی 6 گلشن حدید کے کارکن سید شعیب کے والد سید صغیر احمد اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر قائد اعظم کالونی کے کارکن اعظم کے والد گل داد خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت کررہی ہے، ذمہ داران شعبہ خواتین
## اقلیتی امور کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ڈیفنس میں خواتین کا اجتماع

کراچی۔۔۔4/جون 2009ء

اقلیتی امور کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے زیراہتمام گزشتہ روز پنجاب کالونی میں خواتین کا اجتماع منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ پنجاب کالونی، پی اینڈ ٹی کالونی، کینٹ کالونی اور ریلوے کالونی سمیت دیگر علاقوں کی رہائشی ہمدرد خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے کہا کہ ایم کیوایم برابری کی بنیاد پر تمام اکائیوں کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور بلاتفریق رنگ ونسل، مذہب ومسلک انسانیت کی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم حقوق کے حصول کا نعرہ ہی نہیں لگاتی بلکہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے سب سے پہلے عملی طور پر اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے عام افراد کو نہ صرف اسمبلیوں میں بھیجا بلکہ انہیں وزارت کے منصب تک فائز کیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے اپنے کارکنان کی تربیت اس نہج پر کی ہے کہ وہ بھی بلاتفریق رنگ ونسل، مذہب ومسلک دکھی انسانیت کی خدمت پر کررہے ہیں اور جہاں کہیں بھی ضرورت پڑے بلاکسی امتیاز کے کارخیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا اپنا اولین فرض سمجھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اقلیت سے تعلق رکھنے والے افراد وکارکنان کا پورا احترام کرتی ہے۔اس موقع پر اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والی ہندو، کرسچن، عیسائی اور پارسی خواتین نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور دکھی انسانیت کیلئے ایم کیوایم کی عملی خدمات اور جذبہ انسانیت کا احترام کرتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ محبت واخوت، اتحاد ویکجہتی اور بھائی چارے کا درس دیا ہے اوران کا یہی درس دکھی انسانیت کی خدمت کی میراث ہے۔

## آزاد کشمیر میں سیاحت کے فروغ اور جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے قومی و بین الاقوامی سطح پر کام کیا جائیگا
## وزارت سیاحت، سپورٹس، کلچر وامورنوجوانان آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

مظفرآباد۔۔۔4/جون 2009ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر روزیر سیاحت سپورٹس کلچر وامورنوجواناں طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں سیاحت کی ترقی اوراسکو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے قومی اور بین الاقوامی سطح پر سیاحت کے فروغ کیلئے کام کرنے والے اداروں کے ساتھ اتحاد وتعاون کی فضاء پیدا کر کے سیاحوں کو آزاد کشمیر کی جانب راغب کریں گے۔آزاد کشمیر کے نوجوانوں کو ہوابازی اور واٹر سپورٹس کی تربیت کے لیے آزاد کشمیر میں ادارے قائم کیے جائیں گے۔کھیلوں کے شعبے کی ترقی کے لیے آزاد کشمیر میں پہلی سپورٹس اکیڈمی جلد کام شروع کردے گی۔اکتوبر میں مظفرآباد میں انٹرنیشنل پیراگلائیڈنگ فیسٹول کا انعقاد کیا جائیگا۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں ملاقات کرنے والے ایک وفد سے بات چیت کے دوران کہی انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں کھیلوں اور سیاحت کے شعبے کی ترقی کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ رابطے میں ہیں اورآئندہ بجٹ میں وفاقی حکومت سے کھیلوں اور سیاحت کے شعبے کی ترقی کے لیے خصوصی پیکج حاصل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کا پرامن خطہ دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، آزاد کشمیر کی معاشی ترقی سیاحت کے فروغ کے ساتھ مشروط ہے اس سلسلے میں ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے سیاحت کی ترقی کی لیے محکمہ سیاحت کے افسران کی تربیت کا سلسلہ آئیند چند ہفتوں میں شروع ہوجائے گا۔غیر تربیت یافتہ عملہ سیاحت کے فروغ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

## ایم کیوایم گلشن معمار سیکٹر اسکیم 33 کے کارکن محمد ارشد شہید شہداء قبرستان میں سپرد خاک، سوئم کل ہوگا
## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، حق پرست نمائندوں اور دیگر کی شرکت

کراچی۔۔۔4/جون 2009ء

گلشن معمار اسکیم 33 سیکٹر ایوب گوٹھ میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ گلشن معمار سیکٹر ایوب گوٹھ یونٹ کے کارکن محمد ارشد شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں میں عزیزآباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔محمد ارشد شہید کی نماز جنازہ بعد نماز مغرب ایوب گوٹھ پولیس چوکی کے سامنے

روڈ پرادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن شاکرعلی،حق پرست صوبائی وزیرشیخ محمدافضل (خالدعمر)،خواجہ اظہارالحسن،رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف،نیوکراچی ٹاؤن کے ناظم اخترحسین،کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین،ایلڈرزونگ، لیبرڈویژن ، انچارج واراکین گلشن معمارسیکٹراسکیم 33،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اورشہید کےعزیزواقارب نے بڑی تعدادمیں شرکت کی اورمحمدارشدشہید کی مغفرت،ان کے بلنددرجات کیلئے دعاکرتے ہوئےشہیدکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔
محمدارشدشہیدکافاتحہ سوئم بعدنمازجمعہ مسجدالہی گلشن معماراسکیم 33 میں ہوگاجس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائیگی،خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کااہتمام شہید کی رہائشگاہ پرہے۔

☆☆☆☆☆